سوال

ایک آدمی نے وضو کیا اور کسی وجہ سے اسے کپڑے تبدیل کرنے کی ضرورت پش آگئی وہ بیٹھ کر کپڑے تبدیل کر رہا تھا کہ کسی طرح اس کا پاؤں اس کی شرمگاہ کو لگ جانا ہے تو کیا اس کا وضو ٹوٹ گیا

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا :

مَن مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ (سنن أبي داود، الطهارة : 181)

جو کوئی اپنے ذکر کو ہاتھ لگائے اسے چاہیے کہ وضو کرے۔

1. مذکورہ حدیث مبارکہ میں شرمگاہ کو ہاتھ سے چھونے سے وضو ٹوٹنے کا ذکر ہے، اس لیے اگر انسان کا پاؤں اس کی شرمگاہ کو لگ گیا ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی